شیخوپورہ مسلم لیگ (ن) کا مضبوط ترین قلعہ ہے: چوہدری ادریس

قومی ہوں یا لوکل گورنمنٹ کے انتخابات ہمیشہ فتح مسلم لیگ (ن) کے حصہ میں آئی

شیخوپورہ (نمائندہ نوائے وقت) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و امیدوار یوسی چیئرمین چوہدری ادریس گجر نے کہا ہے کہ شیخوپورہ مسلم لیگ (ن) کا مضبوط ترین قلعہ ہے قومی انتخابات ہوں یا لوکل گورنمنٹ کے انتخابات ہمیشہ فتح مسلم لیگ (ن) کے حصہ میں آئی۔ اس کی بنیادی وجہ حقیقتاً عوامی خدمت اور گراس روٹ لیول پر ترقی کا عمل ہے۔ سابق وفاقی وزیر جاوید لطیف اور سابق رئیس بلدیہ امجد لطیف کی قیادت میں جس طرح شیخوپورہ میں تعمیر و ترقی کا عمل کرایا گیا ہے کہ اس کو نہ تو فراموش ہی کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کی کوئی مثال موجود ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علاقہ مشرقی پارک میں معززین سے گفتگو کے دوران کیا۔

سیاسی جماعتیں اختلافات کو مکالمے کے ذریعے آگے بڑھائیں: ملک اکرام

عوام نے سیاسی جماعتوں کو اپنے مسائل اجاگر کرنے اور انکے حل کیلئے پارلیمانی پلیٹ فارم فراہم کئے ہیں

شیخوپورہ (نمائندہ نوائے وقت) انجمن غلامان مصطفیٰ کے سرپرست اعلیٰ ملک اکرام حسن ڈوگر نے کہا ہے کہ جمہوری نظام میں حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ آئین و قانون کی پاسداری کرتے سیاسی اختلافات کو برداشت اور مکالمے کے ذریعے آگے بڑھائیں۔ عوام نے سیاسی جماعتوں کو اپنے مسائل اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے پارلیمانی پلیٹ فارم فراہم کیے ہیں۔ ان فورمز کو مؤثر بنانے اور قانون سازی و پالیسی سازی کے عمل میں مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ قومی یکجہتی اور سیاسی استحکام ہی ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

قصور: صوبائی وزیر قانون کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں اجلاس

امن وامان کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں، صفائی ستھرائی، صحت، تعلیم اور دیگر عوامی سہولیات کا جائزہ

قصور (نامہ نگار، نمائندہ نوائے وقت) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس قصور کے کمیٹی روم میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ضلع میں امن و امان کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، صحت، تعلیم اور دیگر عوامی سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وزیر مملکت ملک رشید احمد خان، ایم این اے رانا حیات خان، ممبران صوبائی اسمبلی چوہدری الیاس خان، چوہدری محمود انور، حاجی نعیم صفدر انصاری اور احسن رضا خان، آصف رضا، ضیاء الحق، چوہدری منظور احمد ایڈووکیٹ کے علاوہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، چاروں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ایم ڈی واسا قصور عدنان گل، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز، ریسکیو 1122 اور ضلع کے تمام محکموں کے سربراہوں نے شرکت کی۔

سیاست کا مقصد اقتدار نہیں عوامی خدمت ہونا چاہیے: لیاقت علی

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کی

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما و سابق نائب ضلع ناظم میاں لیاقت علی نے کہا ہے کہ عوام نے سیاسی جماعتوں کو اپنے مسائل حل کرنے اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا مینڈیٹ دیا ہے۔ اس لیے سیاست کا مرکز اقتدار کے حصول کے بجائے عوامی خدمت ہونا چاہیے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے اور آئندہ بھی کسی ایسے اقدام کے سامنے خاموش نہیں رہے گی جس سے عام شہری کے حق حکمرانی، معاشی مفادات یا بنیادی حقوق متاثر ہوں۔

عوام کو تقسیم کرنے کے بجائے انکے مسائل حل ضروری ہے: ارمغان خالد

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی کے ضلعی انفارمیشن سیکرٹری ارمغان خالد نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی وفاق کی تمام اکائیوں کے حقوق کے تحفظ پر یقین رکھتی ہے اور ملک کی مضبوطی اسی میں ہے کہ پنجاب، سندھ، خیبرپختونخوا اور بلوچستان سمیت تمام صوبوں کے عوام کو مساوی حقوق، وسائل میں منصفانہ حصہ اور ترقی کے برابر مواقع حاصل ہوں۔ عوام کو تقسیم کرنے کے بجائے ان کے مسائل حل کرنے کی سیاست کی ضرورت ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کے بھاری بل، صحت، تعلیم کی سہولیات، صاف پانی، روزگار کے مواقع اور بنیادی شہری مسائل عام آدمی کی زندگی کو متاثر کر رہے ہیں۔ جن کے حل کیلئے حکومتوں اور سیاسی جماعتوں کو سنجیدہ اور عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

ڈاکٹر امجد ثاقب کی کتاب ”مولو مصلی“ کی تقریب رونمائی

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) ضلع کونسل میں اخوت فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر محمد امجد ثاقب کی کتاب ”مولو مصلی“ کی ضلع کونسل ہال میں تقریب رونمائی ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر رانا عدیل تصور، آر پی او اطہر اسماعیل، ڈی پی او بلال ظفر شیخ، حاجی محمد نواز، حاجی میاں محمد شفیق اشرف، عظیم احمد جودانی، شاہد اسلم جاوید عرف، چوہدری شہباز احمد ورک، آمنہ شہادت بھٹی، رانا محمد اکرم، سیف الرحمن بھٹی، میاں منظور احمد، رانا محمد یونس و دیگر نمائندہ شخصیات اور طلباء و طالبات نے شرکت کی۔

ڈینگی سرویلنس کا روزانہ کی بنیاد پر سلسلہ جاری رکھا جائے: رانا عدیل تصور

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) شہریوں کو ڈینگی وبا، اور دیگر مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے متعلقہ محکمے ذمہ داریوں کو پورا کریں، ڈینگی سرویلنس کا روزانہ کی بنیاد پر سلسلہ جاری رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ رانا عدیل تصور نے ان خیالات کا اظہار انسداد ڈینگی اور دیگر مہلک بیماریوں سے عوام کو محفوظ رکھنے کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

شیخوپورہ

قصور، ننکانہ صاحب و نواحی خبریں

ملکی حالات بہتر، معیشت توانا ہو رہی ہے: عارف خان سندھیلہ

روزگار کے مواقع بڑھنے، غربت و بے روزگاری میں کمی حکومت کی مؤثر پالیسیوں کا ثمر ہے

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر سابق رکن صوبائی اسمبلی و امیدوار این اے 115 عارف خان سندھیلہ نے کہا ہے کہ ملکی حالات روز بروز بہتر ہو رہے ہیں، معیشت توانا ہو رہی ہے، قومی سلامتی کو دوام حاصل ہوا ہے اور عوامی مشکلات میں تیزی سے کمی آ رہی ہے، روزگار کے مواقع بڑھنے اور غربت و بے روزگاری میں کمی بھی حکومت کی مؤثر پالیسیوں کا ثمر ہے۔ وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پارٹی قائد نواز شریف کے پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنانے کے وژن کی تکمیل کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ جبکہ پنجاب میں وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں صوبائی ترقی اور عوامی خوشحالی کے پارٹی منشور کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔

مسلم لیگ (ن) آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے: منور اقبال

ملک میں جمہوری نظام مضبوطی کیساتھ آگے بڑھ رہا ہے اسمبلیاں آئینی مدت پوری کرینگی

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ (ن) کے سٹی صدر میاں منور اقبال نے کہا ہے کہ ملک میں جمہوری نظام مضبوطی کیساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور اسمبلیاں اپنی آئینی مدت پوری کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اپنی مقررہ مدت پوری کریں گے اور حکومت عوامی خدمت، ملکی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سٹی جنرل سیکرٹری نیامت گاڈی اور صدر سوشل میڈیا سید فخار الدین مشہر کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے کیا۔ منور اقبال نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) جمہوریت اور آئین کی بالادستی پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ اسی لیے تمام قومی اداروں کو اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے ملک و قوم کی بہتری کے لیے کام کرنا چاہیے۔

پیپلز پارٹی سیاسی استحکام، جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے: فلک شیر

پی پی پی کی تاریخ جمہوریت، آئین کی بالادستی، عوامی حقوق کیلئے جدوجہد سے عبارت ہے

شیخوپورہ (نامہ نگار خصوصی) پیپلز پارٹی کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری حاجی فلک شیر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ملک میں سیاسی استحکام اور جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے جس کیلئے پارٹی قیادت نے بھرپور جدوجہد کی اور لازوال قربانیاں دی ہیں، پیپلز پارٹی کی تاریخ جمہوریت، آئین کی بالادستی، عوامی حقوق اور سیاسی آزادی کیلئے جدوجہد سے عبارت ہے۔ قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو اور بے نظیر بھٹو سمیت پارٹی کے قائدین اور کارکنوں نے جمہوری اصولوں کی خاطر مشکلات برداشت کیں اور جانوں کے نذرانے پیش کئے، یہی قربانیاں آج بھی پارٹی کارکنوں کیلئے مشعل راہ ہیں، ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے سیاسی استحکام بنیادی شرط ہے جب سیاسی نظام مسلسل عدم استحکام کا شکار ہو تو اس کے اثرات معیشت، سرمایہ کاری، روزگار اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔

قصور، ننکانہ میں وارداتیں، شہری لاکھوں کے مال و زر سے محروم

ڈاکوؤں نے نواز سے 45 ہزار روپے، موبائل چھین لیا، موٹرسائیکل، مویشی چوری

قصور، ننکانہ صاحب (نامہ نگاران) متعدد وارداتوں میں کئی شہری لٹ گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کھڈیاں کے علاقہ محمود پورہ کے قریب سے ڈاکوؤں نے نواز سے 45 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔ تھانہ بی چونیاں کے علاقہ میر کوٹ چونیاں کے قریب ڈاکوؤں نے اصغر جاوید اور اس کے ساتھیوں سے 23 ہزار روپے نقدی چھین لی۔ تھانہ کھڈیاں کے علاقہ نہری کوٹھی کے قریب سے موٹرسائیکل سوار ڈاکوؤں نے شیراز احمد سے 7 ہزار روپے اور موبائل چھین لیا۔ تھانہ صدر پھول نگر کے علاقہ ہنڈ بلوکی موڑ کھنڈ کے رہائشی رفاقت کے گھر میں داخل ہونے والے چور اہل خانہ کی عدم موجودگی میں 5 لاکھ روپے نقدی اور موبائل لے گئے۔ علاوہ ازیں تھانہ واربرٹن کے علاقہ میں نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے عمران خان کو روک کر 28 ہزار روپے چھین لیے۔ تھانہ صدر ننکانہ کے علاقہ چندوریاں میں شفاقت کی گھر کے باہر سے موٹرسائیکل چوری ہو گئی۔ تھانہ صدر ننکانہ کے علاقہ میں آصف علی کی حویلی سے چور بکرا اور ٹریکٹر شافٹ لے گئے، جبکہ بچے کے والی میں زہرہ بی بی کی حویلی سے 2 بکریاں چوری ہو گئیں۔ شاہکوٹ روڈ پر کھڑی گاڑی سے چور بیٹری لے گئے۔

پی ٹی آئی کا مقصد ملک میں حقیقی جمہوریت کا فروغ ہے: ڈاکٹر محمد اسلم

احتجاج ہمارا آئینی و جمہوری حق ہے جسے کوئی حکمران ہم سے نہیں چھین سکتا: گفتگو

شیخوپورہ (نمائندہ نوائے وقت) تحریک انصاف کے ضلعی نائب صدر ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کا مقصد ملک میں حقیقی جمہوریت کا فروغ ہے اور احتجاجی مارچ پرامن ہوگا، ہم نے نہ ماضی میں کبھی قانون ہاتھ میں لیا اور نہ آئندہ کوئی غیر قانونی قدم اٹھایا جائے گا، احتجاج ہمارا آئینی و جمہوری حق ہے جسے کوئی حکمران ہم سے نہیں چھین سکتا، سیاسی جماعتوں کو پرامن سیاسی سرگرمیوں اور اختلاف رائے کے اظہار کا حق حاصل ہے اور جمہوری معاشروں میں عوام کی آواز کو دبانے کے بجائے اسے سنا جاتا ہے، تحریک انصاف کے کارکنان آئین و قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں اور اپنی سیاسی جدوجہد کو ہمیشہ پرامن اور جمہوری انداز میں آگے بڑھائیں گے۔

پاکستان کی سب سے بڑی طاقت نوجوان آبادی ہے: حماد رضا بٹ

شیخوپورہ (نامہ نگار خصوصی) سماجی رہنما و گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر حماد رضا بٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کی سب سے بڑی طاقت اس کی نوجوان آبادی ہے۔ اگر نوجوانوں کو جدید تعلیم، فنی تربیت، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کیے جائیں تو یہی نوجوان ملکی معیشت کو مضبوط بنانے اور پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں لیکن اگر نوجوانوں کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد بھی روزگار اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع نہ ملیں تو مایوسی، ذہنی دباؤ، بیرون ملک ہجرت اور معاشرتی بے چینی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کچہری پارک فیصل آباد روڈ کی طلباء اور معززین سے گفتگو کے دوران کیا۔ حماد رضا بٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کا نوجوان بے پناہ صلاحیتوں، توانائی اور تخلیقی قوت سے مالا مال ہے۔

لیگی قیادت نے ہمیشہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے فیصلے کئے: فیصل الیاس

شیخوپورہ (نامہ نگار خصوصی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق ممبر میونسپل کمیٹی فیصل الیاس ورک نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کی باگ ڈور سنبھالی اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے فیصلے کئے، آج بھی پارٹی کی قیادت ملکی معیشت کے استحکام، عوامی خوشحالی اور پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے حکومت کی توجہ معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ روزمرہ زندگی سے متعلق عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر بھی مرکوز ہے اور مختلف سرکاری محکموں کے ذریعے عوام کو سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا۔ فیصل الیاس ورک نے کہا کہ حکومت نے ملک میں استحکام کی فضا قائم رکھنے اور قومی معیشت کو ترقی کی راہ پر گامزن رکھنے کیلئے اپنی پالیسیوں کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھایا ہے۔

قصور: پولیس کی کارروائیاں، 8 ملزم گرفتار، چرس، شراب برآمد

قصور (نامہ نگار) پولیس نے 8 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے چرس، زہریلی شراب اور داؤ پر لگی ہزاروں کی رقم برآمد کر لی۔ ایس ایچ او عظیم حلیق نے کارروائیاں کرتے منشیات فروشوں سمیت قمار بازی میں ملوث 8 ملزموں کو گرفتار کر کے 2 کلوگرام سے زائد چرس، 30 لٹر زہریلی شراب اور داؤ پر لگی ہزاروں کی رقم برآمد کر لی۔ پولیس نے مقدمات درج کر لیے۔

اطلاع عام

مسمات صدیقہ بیگم ساکن مکان نمبر 25 بلاک 6 سیکٹر B-1 ٹاؤن شپ لاہور [illegible] مکان نمبر 241 بلاک G-4 سیکٹر 5 مرلہ 11-0 [illegible] 12-01-2023 [illegible] 16-05-2026 [illegible]

042-35180862
042-35180377

ننکانہ صاحب: فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، 4 یونٹ بند، لاکھوں روپے جرمانہ

ننکانہ صاحب (نامہ نگار) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 مقدمات، 6 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ، 4 یونٹ بند کر دیئے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ننکانہ، موڑ کھنڈا اور مضافات میں کارروائیاں کیں۔ پانچ سوئیٹس پروڈکشن یونٹس اور ایک ملک شاپ کی چیکنگ کے دوران 2 مقدمات درج اور 6 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ناقص صفائی پر 4 یونٹس بند کیے گئے، جن میں ایک ملک شاپ اور 3 سوئیٹس پروڈکشن یونٹس شامل ہیں۔ ملک شاپ سے 50 لٹر ناقص دودھ برآمد، دودھ ٹیسٹ میں فیل ہونے پر ملک شاپ بند کر کے مقدمہ درج کروا دیا گیا۔

قصور: چلتی ٹرین سے گر کر خاتون جاں بحق

قصور (نامہ نگار) پتوکی ریلوے سٹیشن کے قریب ٹرین کی زد میں آ کر خاتون جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق پتوکی کے علاقہ ریلوے سٹیشن پتوکی سے لاہور جانے والی ٹرین میں سفر کرنے والی صغراں بی بی مبینہ طور پر چلتی ٹرین سے نیچے گر کر ٹرین کی زد میں آ گئی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ نعش کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا گیا۔

قصور: سانپ نے مزدور کو ڈس لیا، ہسپتال منتقل

قصور (نامہ نگار) پرانی دیواروں سے نکلنے والے سانپ نے مزدور کو ڈس لیا۔ ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی تو معلوم ہوا کہ 37 سالہ نوید ایک گھر میں مزدوری کر رہا تھا کہ اچانک پرانی اینٹوں سے سانپ نکل آیا اور اس نے مزدور کو کاٹ لیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے متاثرہ شخص کو فوری ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور ڈی ایچ کیو ہسپتال قصور منتقل کر دیا۔

حکومت مخالف سازشیں کرنیوالے کبھی کامیاب نہیں ہونگے: طارق محمود

شیخوپورہ (نامہ نگار خصوصی) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما و سابق ممبر ضلع کونسل حاجی طارق محمود ڈوگر نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی و عوامی خوشحالی کا ویژن تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے حکومت مخالف سازشیں کرنے والوں کو کبھی کامیابی حاصل نہیں ہو گی، عوام انہیں مسترد کر چکے ہیں۔ انتشار کی سیاست کی پاکستان میں اب کوئی گنجائش نہیں اپنے مفادات کا حصول چاہنے والے ملکی ترقی کی راہ میں روڑے اٹکانے کی سازشیں جاری رکھیں گے (ن) لیگ نے ہمیشہ ملکی مفادات کو ترجیح دی اور آج بھی پارٹی قیادت کا بنیادی ایجنڈا ملک و قوم کے مفادات کا تحفظ اور عوام کو بنیادی حقوق کی فراہمی ہے جس کیلئے مربوط لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے۔

شیخوپورہ: بزنس فورم پنجاب کے صدر چوہدری شبیر کی طرف سے صحافیوں کے اعزاز میں عشائیہ

شیخوپورہ (نامہ نگار خصوصی) بزنس فورم پنجاب کے صدر چوہدری شبیر نور کی جانب سے صحافی برادری کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں پریس کلب شیخوپورہ کے عہدیداروں، سابق صدور، سابق جنرل سیکرٹریز اور دیگر معزز صحافیوں نے شرکت کی۔ عشائیے میں عظیم احمد جودانی، شاہد اسلم جاوید عرف، بشیر حسن بٹ، رانا محمد عثمان، جاوید معراج سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے چوہدری شبیر نور کی جانب سے صحافی برادری کے اعزاز میں عشائیے کے اہتمام اور پرتپاک استقبال کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں: حبیب سلطان

سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر قومی سوچ کو فروغ دینے کی ضرورت ہے

شیخوپورہ (نمائندہ نوائے وقت) استحکام پاکستان پارٹی کے تحصیل صدر و سابق یوسی ناظم ملک حبیب سلطان کھوکھر نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک کو درپیش معاشی، سماجی اور انتظامی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر قومی سوچ کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ مضبوط معیشت، مستحکم ادارے، قانون کی بالادستی، میرٹ، تعلیم اور روزگار کے وسیع مواقع ہی ایک مضبوط پاکستان کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں انہیں جدید تعلیم، فنی تربیت اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کر کے ملک کی تعمیر و ترقی میں شریک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اسی طرح عوام میں شعور اجاگر کرنا، شہریوں کی ذمہ داری، صفائی کا خیال رکھنا، قانون کی پاسداری، سرکاری و قومی املاک کا تحفظ اور اپنے فرائض دیانتداری سے ادا کرنا بھی حب الوطنی کا عملی اظہار ہے۔

حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوششیں کر رہی ہے: حاجی نواز

عالمی منڈی میں عدم استحکام اور علاقائی حالات کے باعث مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) ن لیگ کے رہنما و امیدوار این اے 115 سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز نے کہا کہ ایران امریکہ جنگ اور خطے میں پیدا ہونے والی کشیدگی نے امن و امان کی صورتحال کو شدید متاثر کر دیا۔ جس کے معاشی اثرات بھی براہ راست عام عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں عدم استحکام اور علاقائی حالات کے باعث مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے، تاہم حکومت اس صورتحال پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رانا خلیل احمد گوری اور شاہ جہان لودھی کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوامی فلاح و بہبود پر یقین رکھتی ہے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف ننکانہ بار کی ہڑتال

مسلسل اضافہ ناقابل قبول، حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کرے: علی ناصر

ننکانہ صاحب (نامہ نگار) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کیخلاف ڈسٹرکٹ بار ننکانہ نے 12 ستمبر کو مکمل ہڑتال کی۔ بار کے اعلامیے کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ عوام پر شدید مالی بوجھ بن رہا ہے۔ جس کے باعث غریب اور مزدور طبقہ شدید معاشی بدحالی کا شکار ہے۔ صدر ڈسٹرکٹ بار علی ناصر تارڑ اور سیکرٹری بار کامران ممتاز جھنڈ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ناقابل قبول ہے، حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے فوری اقدامات کرے اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ روکا جائے۔

پاکستان اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے: عارف حسین گھمن

آزاد وطن کے حصول کیلئے ہمارے آباؤ اجداد نے بے شمار قربانیاں دیں

شیخوپورہ (نامہ نگار خصوصی) شیخوپورہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر چوہدری عارف حسین گھمن نے کہا ہے کہ پاکستان اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ جس کی ہمیں قدر کرنی چاہئے اور ملکی استحکام و ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کر کے قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبال کے خوابوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہ کرنے کے جذبہ کے تحت عملی کوششیں تیز کی جانی چاہئیں۔ آزاد وطن کے حصول کیلئے ہمارے آباؤ اجداد نے بے شمار قربانیاں دیں، وطن کا تقاضا ہے کہ پاکستان کو حقیقی معنوں میں خودمختار، ترقی یافتہ، خوشحال اور اسلام کا گہوارہ بنایا جائے پاکستان کا قیام ایک عظیم نظریے اور لازوال جدوجہد کا نتیجہ ہے۔

حکمرانوں نے ٹیکسز کی بھرمار کر کے عوام کا جینا دوبھر کر دیا: توصیف سلیم

پٹرولیم لیوی ٹیکس کے نام پر عوام سے اربوں روپے وصول کرنا ظلم ہے: صحافیوں سے گفتگو

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) اصول پرست گروپ کے رہنما و سابق ممبر میونسپل کمیٹی میاں توصیف سلیم نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی ٹیکس کے نام پر 25 کروڑ عوام سے اربوں روپے وصول کیے جا رہے ہیں جو بہت بڑا ظلم ہے موجودہ حکمرانوں نے ٹیکسز کی بھرمار کر کے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے جبکہ دوسری طرف پنجاب میں اداروں کو ختم کر کے اتھارٹیز کا قیام عمل میں لا کر عوام اور تاجروں کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ ہر شخص مسائل اور مشکلات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق ضلع نائب ناظم میاں لیاقت علی کے ڈیرہ پر صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا۔ میاں توصیف سلیم نے کہا کہ حکمرانوں نے اپنے شاہانہ طرز زندگی کو ترک کرنے کی بجائے عوام کو ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا کر رکھ دیا ہے۔

اطلاع عام

پاکستان ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی ویلنشیا لمیٹڈ لاہور کو جاری کردہ الاٹمنٹ لیٹر بنام محمد عارف ولد محمد صدیق بابت پراپرٹی نمبر 165/9 [illegible] گم ہو گیا ہے جس کی بابت رپٹ نمبری 2/114 مورخہ 11-09-2026 درج ہے [illegible] 07 یوم [illegible] By Laws [illegible]

سیکرٹری: پی ای سی ایچ ایس A-6 بلاک H کمرشل زون ویلنشیا لاہور

042-35180874 فون نمبر info@pechsvalencia.com

اطلاع عام

پاکستان ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی ویلنشیا [illegible] پراپرٹی نمبر 18/1 بلاک D [illegible] 28 فروری 2025 [illegible] 15 یوم [illegible] By Laws [illegible]

سیکرٹری: پی ای سی ایچ ایس A-6 بلاک H کمرشل زون ویلنشیا لاہور

042-35180874 فون نمبر info@pechsvalencia.com

NOTICE

SPECIAL GENERAL MEETING

KENNEL CLUB OF PAKISTAN

In accordance with Article 4 of the Constitution of the Kennel Club of Pakistan, a Special General Meeting will be held for the election of the General Committee of the Kennel Club of Pakistan.

Date: Sunday, 18 October 2026 Time: 3:00 PM

Venue: Bahria Grand Hotel, Lahore

As required under Article 4 of the Constitution, nominations for election to the General Committee must be submitted to the Secretary, Kennel Club of Pakistan, by 18 September 2026. Candidates may withdraw their nominations up to 11 October 2026. The prescribed Nomination Form can be downloaded from the KCP Portal.

Secretary: Kennel Club of Pakistan

PAKISTAN NAVY

DIRECTORATE OF PROCUREMENT (NAVY)

OPEN TENDER

DP (NAVY) NEAR SNID CENTER, CDA MARKET, AT NAVAL RESIDENTIAL COMPLEX, E-8, ISLAMABAD

SEALED TENDERS ARE INVITED BY DP (NAVY) FOR PURCHASE OF FOLLOWING ITEMS:

S. #	IT.NO	DESCRIPTION	CLOSING DATE & TIME	OPENING DATE & TIME
1	2690029/ R-2609/340081	BULLET PROOF JACKET LEVEL-III COLOUR PAK MARINES CAMOUFLAGE (MEDIUM & LARGE SIZE)	30-09-2026 10:30AM	30-09-2026 11:00AM
2	2590392/ R2601/360442	14XLINE ITEMS (GYM AND SPORTS EQUIPMENT) FOR 2ND FP BN	01-10-2026 10:30AM	01-10-2026 11:00AM

TERMS & CONDITIONS:

1. Complete details and specifications of the tender can be downloaded from PPRA website.
2. Only registered supplier on Active Taxpayers List (ATL) of FBR are eligible to participate in the Tender and submit quote.

PID(I)2420/26

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

ٹینڈر نوٹس

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کو ذیل میں درج کام کے لیے پی پی آر اے ای پیڈز ویب پورٹل کے ذریعے PEC سے منظور شدہ موزوں کمپنیوں سے بولیاں مطلوب ہیں:

Name of the Work	Bid submission closing date & time	Technical Bid opening date & time
CONSTRUCTION OF BARRACK ACCOMMODATION FOR 126 ASF PERSONNEL AT SKARDU INT'L AIRPORT	5th October, 2026 at 1100 Hrs at below mentioned address.	5th October, 2026 at 1130 Hrs.

1۔ بولیاں ای پیڈز کے ذریعے الیکٹرانک طور پر سنگل سٹیج ٹو انویلپ طریقہ کار کے تحت جمع کرائی جائیں گی۔ ٹینڈر دستاویزات https://eprocure.gov.pk سے بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔ مشروط ٹینڈرز قابل قبول نہیں ہوں گے۔

2۔ ای پیڈز پر رجسٹریشن اور تربیت یا بولی جمع کرانے کے سلسلے میں تکنیکی معاونت کے لیے پی پی آر اے سے اس نمبر پر رابطہ کریں: 051-111-137-237

3۔ ای پیڈز پر درج رقم کے مطابق پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے حق میں بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بطور بولی کی ضمانت تکنیکی بولی کے ساتھ جمع کرانا لازمی ہے۔ [illegible] انہیں غیر مؤثر قرار دیا جائے گا اور ان کی بولیاں نہیں کھولی جائیں گی۔

4۔ [illegible] قانونی کارروائی کی جائے گی اور بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

5۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کو حق حاصل ہے کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی یا تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کر سکتی ہے۔ جس سے بولی دہندگان کو درخواست پر آگاہ کیا جائے گا۔

6۔ یہ اشتہار پی پی آر اے کی ویب سائٹ https://ppra.org.pk اور پی اے اے کی ویب سائٹ https://paa.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

7۔ بولی دہندگان کو ٹینڈر دستاویزات میں مقرر کردہ تمام مطلوبہ دستاویزات تکنیکی جانچ کے مقررہ معیار کے مطابق جمع کرانا ہوں گی۔ صرف تکنیکی طور پر اہل قرار پانے والے بولی دہندگان کی مالی تجاویز کھولی جائیں گی۔

ڈویژنل انجینئر / ایس ای ایم، ہیڈکوارٹر
پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی
ریڈ بلڈنگ، بلاک-2، اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ
ٹیلیفون 051-95553322
www.paa.gov.pk

PID-K-883/26

سوئی ناردرن گیس
Sui Northern Gas

Gas House, 21-Kashmir Road,
Lahore, Pakistan
sngpl.com.pk

TENDER NOTICE

ADVERTISEMENT NO.41/2026

A. Offers are invited from manufacturers / suppliers for supply of the following: -

Sr. No.	Tender Enquiry No.	Description	Qty. (Nos.)	Opening Date
	International Tenders			
1.	SN-4800/26	Orifice Meter Run	12	29 Oct,26
2.	SN-4801/26	1.Cold Applied Visco Elastic Corrosion Protection tape (inner wrap) 150mm x 10 Meter 2. Cold Applied Mechanical Protection tape (outer wrap) 150mm x 10 Meter	750 Rolls 1,500 Rolls	29 Oct,26
3.	SND-2636/26	1.Socket Welding Elbow¾" 2. Socket Welding Elbow 1"	45,000 800	27Oct,26
	Local Tenders			
1.	LET/045/26	1.Van 15-Seater Standard Roof 2.Van 15-Seater Hi-Roof 3.Van Single Cabin 4x2 4.Van Double Cabin 4x4	01 01 11 05	12Oct,26
2.	LED/065/26	X-86 Based Private Cloud Solution	03	12Oct,26
3.	LE-049/26	Iron Valve Pit Cover, SNGPL Monogram Marked	450	05Oct,26
4.	LE-050/26	Gas Service Tees ¾"	60,000	06Oct,26
5.	LE-051/26	M.S ANGLE IRON, SIZE 63.5MM X 63.5MM X 6.4MM (2-1/2" X 2-1/2" X ¼")	53,791 Mtrs.	06Oct,26
6.	LEP-011/26	Lubricants	02 Items	06Oct,26

The above requirement shall be processed on open competitive bidding basis for both international and local bidders as per PPRA Rules.

The tenders will close at **1430 hours** and will be opened in public at **1500 hours** on the dates mentioned against each Tender at Gas House, 1st Floor, 21-Kashmir Road Lahore. **Tender documents can be purchased, upto a day before opening date of each tender, from 1100 hours to 1230 hours on any working day for International tenders & can be obtained from PPRA's Website through EPADS for local tenders.** Local manufacturers/suppliers desirous of quoting for above tenders are required to provide a copy of valid Sales Tax registration, Income Tax, and latest Professional Tax Certificates along with their request for purchase of tender documents. For further information in International Tenders please contact **Mr. Nabeel Ishtiaq, at telephone # 042-99201449** and **Mr. Muhammad Shahid Ikram for Local Tenders at telephone # 042-99204644.** Tender fee (Only for International Tenders) is **Rs.2,500/-** (non-refundable) each in shape of Pay Order/ Demand Draft in favor of SNGPL. Amount of Bid Security is 2% (excluding GST) of estimated value as mentioned in the tender documents. Tender Notice is also available at **www.ppra.org.pk & www.sngpl.com.pk.**

Note: For Local Tenders the bids are to be submitted on EPADS as well as an Original/Duplicate set of the bid quoted on EPADS along with original bid bond must be submitted on or before closing time/date of Tender Enquiry.

EXTENSIONS

B. The closing dates of following tender enquiries have been extended:

Tender Enquiry No.	Description	Extended Closing Date
SND-2614/26	Gas Service Valves 1" (with Tail Piece	27 Oct,26
SND-2626/26	Dry Test Meters	28 Oct,26
SND-2611/26	Pneumatic Breakers	22 Oct,26
SND-2624/26	Gas Service Valves ¾" (without Tail Piece)	22 Oct,26
SND-2627/26	Air Compressors 150Psig & 250Psig	26 Oct,26
SND-2610/26	Welding Plants	26 Oct,26
SND-2628/26	Welder/ Fitter Tool Kits	27 Oct,26
LEP-010/26	Heat Shrinkable Sleeves	29 Sep,26
LE-020/26	M.S Angle Iron / Chain Link Fencing	02 Oct,26
LE-038/26	Paint / Kerosene Oil / Brushes	01 Oct,26
LE-107/25	Misc. Electrical Items	06 Oct,26
SNT-2328/26	Metallurgical Coke	28 Oct,26
SNT-2310/25	Engine Driven Welding Plants	26 Oct,26
SNT-2321/25	Calibration Gas Mixture	26 Oct,26
SNT-2332/26	Welding Fittings & Screwed Fittings	27 Oct,26
SNT-2333/26	Corrosion Inhibitor Injection Skid	27 Oct,26
SN-4797/26	Air Blower with Motor and Complete Assembly	28 Oct,26

اطلاع برائے صارفین: [illegible]

PID(L)689/26

To get your e-bill, please register yourself at www.sngpl.com.pk